Institute of
Social and Policy Sciences
*Informing Policies, Reforming Practices*

# ضلع بونیر کی تعلیمی صورتحال

## سکور کارڈ








معیاری تعلیم کا حق



تعلیم تک رسائی کا حق



تعلیم اور عوامی رہنماؤں کی ذمہ داری

# ضلع بونیر : تعلیمی صورتحال

انسٹی ٹیوٹ آف سوشل اینڈ پالیسی سائنسز بطورِ ادارہ یہ رائے رکھتا ہے اگر حکومت ، سرکاری افسران سیاہی قیادت اور ماہرین تعلیم کے درمیان ایک مضبوط رابطہ اور تعاون پیدا ہو جائے تو ملک میں بہتر تعلیمی اصطلاحات کا نفاذ ممکن ہو سکتا ہے۔ چونکہ حکومت، تعلیمی محکمہ جات اور ان کے سربراہان، سیاہی قیادت اور سیاہی جماعتیں نہ صرف تعلیمی پالیسی بنانے کی ذمہ دار ہیں بلکہ اس پالیسی کو کامیابی کے ساتھ لاگو کروانے میں بھی ان کا اہم کردار ہے اس لئے ضروری ہے کہ ان تمام ذمہ داران کی شراکت معنی خیز اور مثبت نتائج کی حامل ہو۔ حکومتی اداروں، تعلیمی ماہرین اور عوامی نمائندوں کی حمایت اور دلچسپی کے بغیر تمام بچوں کی تعلیم تک رسائی اور اُن کو معیاری تعلیم مہیا کرنے کا خواب شرمندہ تعبیر نہیں ہو سکتا۔

تعلیم کے متعلق قانون سازی اور اس کے موثر نفاذ کے لئے حکومتی اراکتین اور تعلیمی ماہرین کے ساتھ ساتھ سیاسی قیادت اور عوامی نمائندگان پر بھی ذمہ داری عائد ہوتی ہے کہ وہ ضلعی سطح پر تعلیمی بہتری کے لئے بھرپور کردار ادا کریں۔ عوامی نمائندگان،سیاہی جماعتوں کے اراکین اپنی جماعت کے قائدین، اعلی سطح کے عہدیداران اور پارٹی کارکنوں کو بھی اس کی اہمیت بیان کر سکتے ہیں۔ ہم یہ سمجھتے ہیں کہ اگر والدین، عام شہری (مقامی کمیونٹی) اپنے ضلع کے تعلیمی افسران/ سربراہان، سیاہی قیادت اور عوامی نمائندوں کے ساتھ مل کر تعلیمی مسائل کے حل کیلئے کوشاں رہیں تو یقینا تعلیمی پالیسی سازی، اس کے نفاذ اور تعلیمی عمل میں بہتری آ سکتی ہے۔ جس سے تمام بچوں کی تعلیم تک رسائی اور معیاری تعلیم کی فراہمی کو ممکن بنایا جا سکتا ہے اس تناظر میں یہ ضروری ہے کہ ضلع کی تعلیمی صورت حال کے بارے میں والدین ،مقامی شہریوں،عوام اور عوامی نمائندگان کو بہتر طور پر آگاہ کیا جائے۔اس مقصد کیلئے انسٹی ٹیوٹ آف سوشل اینڈ پالیسی سائنسز نے بہت سی تحقیقی دستاویزات ترتیب دی ہیں جن میں ضلعی تعلیمی پلان،اضلاع کی تعلیمی لحاظ سے درجہ بندی اور تعلیمی صورت حال پر مبنی یہ رپورٹ کارڈ شامل ہیں۔ یہ معلوماتی کتابچہ ضلع کی تعلیمی صورتحال کے بارے میں معلومات و اعداد شمار فراہم کرتا ہے تاکہ ان معلومات کو مقامی شہری، والدین، عوام الناس اور عوامی نمائندگان ضلع میں تعلیمی صورتحال کی بہتری کیلئے استعمال کر سکیں۔




نقشہ ضلع بونیر

| | |
|---|---|
| ضلع میں گورنمنٹ سکولوں کی تعداد: | 869 |
| اساتذہ کی تعداد : | 5776 |
| داخل شدہ بچوں کی تعداد: | 177475 |

اگر ہم ضلع کی تعلیمی حالت کا جائزہ لیں تو وہ کچھ اس طرح ہے۔

## سکولوں میں دستیاب سہولیات

ضلع میں موجود سرکاری سکولوں میں بہت سی سہولتیں دستیاب ہیں جو کہ خوش آئند ہیں مگر موجود سہولتوں کی حالت بھی ارباب اختیار سے توجہ چاہتی ہے۔اسی طرح چند سکول بنیادی سہولتوں سے محروم ہیں۔اس صورتحال کی ذمہ داری بطور شہری ہم سب پر بھی ہے۔اگر ارباب اختیار اور شہری اپنے فرائض کو بخوبی سمجھیں تو حلقہ میں بنیادی سہولیات کی صورتحال مزید بہتر ہو سکتی ہے۔

### پینے کا پانی



پینے کے پانی سے محروم سکولوں کی تعداد

87

ضلع میں 87 سکول ایسے ہیں جہاں پانی کی سہولت موجود نہیں ہے۔یہ سکول عوامی نمائندگان اور محکمہ تعلیم کی توجہ کا متقاضی ہے۔

### بیت الخلاء کی سہولت



بیت الخلاء کے بغیر سکولوں کی تعداد

17

اس ضلع میں 17 اسکول ایسے ہیں جہاں بیت الخلاء کی سہولت موجود نہیں ہے۔

## چار دیواری



بغیر چار دیواری
کے سکولوں کی
تعداد
38

ضلع میں چار دیواری کے بغیر سکولوں کی تعداد 38 ہے۔سکولوں کی چار دیواری اور خاص طور پر لڑکیوں کے سکولوں کی چار دیواری انتہائی اہم ہے۔ ضلع کے کچھ سکول اس بنیادی سہولت سے محروم ہیں اور ارباب اختیار (عوامی نمائندگان) کی توجہ کے طالب ہیں۔

## بجلی کی سہولت





بجلی کی سہولت سے
محروم سکولوں کی
تعداد
97

ضلع میں 97 سکول ایسے ہیں جو بجلی کی سہولت سے محروم ہیں۔ان سکولوں کے طلباء سخت گرمی میں بغیر بجلی کی سہولت کے پڑھتے ہیں، جس سے ان کے سیکھنے کے عمل میں رکاوٹ پیدا ہوتی ہے اور مطلوبہ نتائج حاصل نہیں ہوتے۔

## تعلیمی معیار

ضلع کی تعلیمی صورتحال کا جائزہ لیں تو یہ بات سامنے آتی ہے کہ تعلیمی معیار انتہائی نیچے ہے، اور اسے بہتر بنانے کی ضرورت ہے۔ یہ بات بھی عوامی نمائندگان اور ارباب اختیار کے لیے توجہ طلب ہے۔ یہ صورتحال اس بات کا تقاضا کرتی ہے کہ عوامی نمائندے اور محکمہ تعلیم کے متعلقین فوری عملی اقدامات کریں۔

تیسری کلاس کے
70 فیصد بچے اردو
کا ایک جملہ بھی
نہیں پڑھ سکتے۔




70 فیصد بچے

**اردو:** ضلع میں دی جانے والے تعلیم کا معیار اتنا قابلِ فخر نہیں ہے۔ تیسری کلاس کے 66 فیصد بچے اردو کا ایک جملہ بھی نہیں پڑھ سکتے۔

تیسری کلاس کے
62 فیصد بچے
انگریزی کا ایک
لفظ بھی نہیں پڑھ
سکتے۔



62 فیصد بچے

**انگریزی:** انگریزی مضمون میں بھی صورتحال اس سے مختلف نہیں ہے۔ تیسری کلاس کے 49 فیصد بچے انگریزی کا ایک لفظ بھی نہیں پڑھ سکتے۔

تیسری کلاس کے
72 فیصد بچے
تفریق کا ایک
سوال بھی حل نہیں
کر سکتے۔



72 فیصد بچے

**ریاضی:** ریاضی کے مضمون میں بھی بچوں کی تعلیمی حالت نہایت مایوس کن ہے۔ تیسری کلاس کے 72 فیصد بچے تفریق کا ایک سوال بھی حل نہیں کر سکتے۔

## ضلع کا تعلیمی بجٹ

ضلع کا بجٹ کچھ اس طرح ہے:




ضلع کا تعلیمی
بجٹ
4ارب 10 کروڑ
روپے












2021-22ء میں ضلع کا تعلیمی بجٹ 4.1 بلین روپے رکھا گیا جو فقط جاریہ اخراجات کی مد میں استعمال ہوا۔اس سے ظاہر ہوتا ہے کہ ترقیاتی کام جیسا کہ نئے سکولوں کی تعمیر، سکولوں میں نئے کمروں کی تعمیر،اپ گریڈیشن، بنیادی سہولتوں کی فراہمی اور سکول عمارت کی مرمت وغیرہ کے لیے وسائل صوبائی تعلیمی بجٹ سے استعمال کیے گئے۔شہریوں کے مطابق شعبۂ تعلیم کی ترقیاتی ضروریات کے حوالے سے ضلع کی سطح پر بھی وسائل مختص کرنا ہوں گے تاکہ ان سے فوری طور پر درکار بنیادی سہولتیں اور دوسری اہم ضروریات پوری کی جا سکیں۔ جاریہ بجٹ میں نان سیلری کے لیے مختص کردہ وسائل بھی موزوں نہیں۔

## سرکاری سکولوں میں طلباء اور اساتذہ کا تناسب

درج ذیل میں دیئے گئے گراف ضلع میں طلباء اساتذہ تناسب کو ظاہر کرتے ہیں۔ ان گراف میں دیئے گئے اعداد و شمار سے ظاہر ہوتا ہے کہ ضلع کے کچھ سکولوں میں طلباء اساتذہ تناسب بہتر کرنے کی ضرورت ہے تا کہ انسانی وسائل کے استعمال کو مناسب اور موزوں بنایا جا سکے۔ عوامی رہنماء اور ارباب اختیار کو چاہیے کہ اس مسئلہ کے حل کیلئے اپنی ذمہ داری کا احساس کرتے ہوئے بھرپور کوششیں کریں۔

گراف نمبر 1: ضلع میں طلباء اور اساتذہ کا تناسب





درج بالا گراف کے مطابق اس ضلع میں 186 ایسے سکول ہیں جہاں 20 یا اس سے کم بچوں کیلئے ایک استاد متعین کیا گیا ہے جو کہ وسائل کے ضیاع کے مترادف ہے جسے موزوں (Rationalize) بنانے کی ضرورت ہے۔ جبکہ 122 سکول ایسے ہیں جہاں 50 سے 100 بچوں کیلئے ایک استاد اور 19 سکول ایسے ہیں جہاں 100 سے زائد بچوں کو پڑھانے کیلئے ایک استاد مقرر کیا گیا ہے جو کہ مقرر شدہ معیار سے بہت زیادہ ہے۔ اوپر دیئے گئے اعداد و شمار ارباب اختیار کیلئے توجہ طلب ہیں کہ طلباء و اساتذہ کے تناسب کو موزوں بنایا جائے اور حکومت پنجاب کے مقرر کردہ معیار (40 طلباء کیلئے ایک استاد ہے) کے مطابق کیا جائے تا کہ طلباء کو مناسب وقت اور توجہ دی جا سکے اور تعلیمی معیار میں بہتری ممکن ہو سکے۔

گراف نمبر2: ضلع میں طلبا اور اساتذہ کا تناسب




گراف نمبر 2 کے مطابق 3 ایسے سکول ہیں جہاں طلباء اساتذہ تناسب 100:1 سے بھی زیادہ ہے۔ سب سے زیادہ تناسب گورنمنٹ پرائمری سکول ڈانڈی کوٹ کے لیے ریکارڈ کیا گیا ہے جہاں 199 طلباء کیلئے 1 استاد موجود ہیں۔ گورنمنٹ پرائمری سکول شوپرانگ نمبر ۲ میں طلباء اساتذہ تناسب 118:1 ہے جبکہ گورنمنٹ پرائمری سکول جابہ چوان میں 107 طلباء کے لیے محض ایک استاد موجود ہے۔ سب سے کم تناسب گورنمنٹ گرلز پرائمری سکول جعفر خیل کے لیے ریکارڈ کیا گیا ہے جہاں 95 طلباء کیلئے 1 استاد موجود ہیں۔

گراف نمبر3: طلبا اور اساتذہ کا تناسب





گراف نمبر 3 کے مطابق 2 ایسے سکول ہیں جہاں طلباء اساتذہ تناسب 5:1 سے بھی کم ہے۔ سب سے کم تناسب گورنمنٹ گرلز مڈل سکول توروارسک کے لیے ریکارڈ کیا گیا ہے جہاں 2 طلباء کیلئے 1 استاد موجود ہیں۔ گورنمنٹ گرلز مڈل سکول شاہ بندائی نمبر 2 میں طلباء اساتذہ تناسب 3:1 ہے۔ گورنمنٹ مڈل سکول بانگیرئ میں طلباء اساتذہ تناسب 5:1 ہے۔ جبکہ گورنمنٹ گرلز مڈل سکول شانگرا میں طلباء اساتذہ تناسب 5:1 ہے۔ گورنمنٹ گرلز مڈل سکول ملا یوسف میں طلباء اساتذہ تناسب 5:1 ہے۔

یہ تمام صورتحال اس بات کی غماز ہے کہ ضلع میں طلباء اور اساتذہ کا توازن موزوں بنانے کی ضرورت ہے۔ عوامی نمائندے، مقامی کمیونٹی، مقامی سیاسی قیادت اور دیگر با اثر شخصیات کو چاہیے کہ اس سلسلے میں اپنا بھرپور کردار ادا کریں اور اس تحقیق کے نتیجے میں سامنے آنے والے اس مسئلے کو ممکنہ حد تک حل کرنے کی کوشش کریں۔

## سرکاری سکولوں میں طلباء و کمرۂ جماعت تناسب


درج ذیل میں دیئے گئے تینوں گراف ضلع میں طلباء کمرۂ جماعت تناسب کو ظاہر کرتے ہیں۔ ان گراف میں دیئے گئے اعداد و شمار سے ظاہر ہوتا ہے کہ حلقہ کے سکولوں میں اس تناسب کو بہتر بنانے کی ضرورت ہے تاکہ طلباء و طالبات کو مناسب توجہ مل سکے اور تعلیمی معیار کو بہتر بنایا جا سکے۔ ضلعی افسران اختیار کو چاہیے کہ اس مسئلہ کے حل کیلئے اپنی ذمہ داری کا احساس کرتے ہوئے بھرپور کوششیں کریں۔

**گراف نمبر 4:** ضلع میں طلباء اور کمرۂ جماعت کا تناسب




گراف نمبر 1 میں اعداد و شمار کے مطابق 180 سکول ایسے ہیں جہاں طلباء و کمرہ جماعت تناسب 50 اور 100 کے درمیان ہے اور 10 ایسے سکول بھی ہیں جن میں یہ تناسب 100:1 سے زائد ہے۔ یعنی کہ 100 یا اس سے زائد طلباء کیلئے ایک کمرۂ جماعت ہے۔ **سرکاری افسران اربابِ اختیار اور اعلیٰ حکام اور عوامی نمائندگان** کو چاہیے کہ اوپر دیئے گئے اعداد و شمار کو سامنے رکھتے ہوئے جن سکولوں میں طلباء و کمرۂ جماعت تناسب مقرر کردہ معیار (40:1) یعنی 40 طلباء کیلئے ایک کمرۂ جماعت سے زیادہ ہے' ان سکولوں میں مزید نئے کمرۂ جماعت تعمیر کروائے جائیں تاکہ طلباء باآسانی تعلیم کے زیور سے آراستہ ہوسکیں۔

**گراف نمبر5: ضلع میں طلباء اور کمرۂ جماعت کا تناسب**




گراف نمبر5 کے مطابق 5 ایسے سکول ہیں جہاں طلباء کمرۂ جماعت تناسب 100:1 سے بھی زیادہ ہے۔ سب سے زیادہ تناسب گورنمنٹ گرلز ہائی سکول کلپانی کا ہے جہاں 190 طلباء کیلئے صرف 1 کمرۂ جماعت ہیں۔ گورنمنٹ پرائمری سکول ٹانٹا میں طلباء کمرۂ جماعت تناسب 152:1 ہے جبکہ گورنمنٹ ہائیر سیکنڈری سکول گدیزی میں 151 طلباء کیلئے صرف 1 کمرۂ جماعت موجود ہیں گورنمنٹ پرائمری سکول ٹانٹا میں طلباء کمرۂ جماعت تناسب 150:1 ہے جبکہ گورنمنٹ گرلز ہائی سکول کلپانی میں 120 طلباء کیلئے صرف 1 کمرۂ جماعت موجود ہیں جو کہ اعلیٰ حکام کی خصوصی توجہ کے متقاضی ہیں۔

# ضمیمہ جات

| SCHOOL NAME | EMIS کوڈ |
|---|---|
| گورنمنٹ مسجد پرائمری سکول خونہ پیزہ | 24313 |
| گورنمنٹ گرلز پرائمری سکول میخو خپہ | 32549 |
| گورنمنٹ گرلز پرائمری سکول بار تیراج | 24356 |
| گورنمنٹ گرلز پرائمری سکول لیگانئ | 32543 |
| گورنمنٹ گرلز پرائمری سکول شگئ | 24420 |
| گورنمنٹ گرلز پرائمری سکول بیکنڈ | 24368 |
| گورنمنٹ گرلز پرائمری سکول سرو | 39273 |
| گورنمنٹ گرلز مڈل سکول مراڈو | 41588 |
| گورنمنٹ گرلز پرائمری سکول کارا | 39272 |
| گورنمنٹ گرلز پرائمری سکول آشارئ | 41115 |
| گورنمنٹ گرلز پرائمری سکول مسکیپور | 24411 |
| گورنمنٹ گرلز پرائمری سکول اوانے | 32515 |
| گورنمنٹ گرلز پرائمری سکول توہہ امازئ | 40534 |
| گورنمنٹ گرلز پرائمری سکول احمد علی ڈھیرئ | 24345 |
| گورنمنٹ گرلز پرائمری سکول منڈاؤ | 32544 |
| گورنمنٹ گرلز پرائمری سکول اشیزو میرہ | 24349 |
| گورنمنٹ گرلز پرائمری سکول بڈھیر | 24350 |
| گورنمنٹ گرلز مڈل سکول پاک بنڑ | 40545 |
| گورنمنٹ گرلز مڈل سکول کادل | 41132 |
| گورنمنٹ گرلز پرائمری سکول امبیلہ درہ | 38982 |
| گورنمنٹ گرلز مڈل سکول نگرئ | 41134 |
| گورنمنٹ پرائمری سکول بار گجو | 41307 |
| گورنمنٹ گرلز مڈل سکول لنگر | 41138 |
| گورنمنٹ گرلز پرائمری سکول تاسہ غازی کوٹ | 41116 |
| گورنمنٹ گرلزہائیر سیکنڈری سکول بٹاکنئ | 34931 |
| گورنمنٹ گرلز پرائمری سکول سرکاؤ بانڈہ | 32564 |
| گورنمنٹ گرلز مڈل سکول حال | 41133 |



| EMIS کوڈ | SCHOOL NAME |
|---|---|
| 41141 | گورنمنٹ گرلز مڈل سکول گراریؑ |
| 24409 | گورنمنٹ گرلز پرائمری سکول مخرانیؑ |
| 24362 | گورنمنٹ گرلز پرائمری سکول بٹانیؑ امازیؑ |
| 40532 | گورنمنٹ گرلز پرائمری سکول خوڑ میرہ |
| 32540 | گورنمنٹ گرلز پرائمری سکول خویاکے |
| 41118 | گورنمنٹ گرلز پرائمری سکول سرو گلو جبو |
| 24327 | گورنمنٹ مسجد پرائمری سکول ریاض آباد |
| 37764 | گورنمنٹ گرلز مڈل سکول گلبندیؑ |
| 32550 | گورنمنٹ گرلز پرائمری سکول میاگانو میرہ |
| 24854 | گورنمنٹ پرائمری سکول سورہ بانڈہ |
| 32539 | گورنمنٹ گرلز پرائمری سکول خان پور |
| 40547 | گورنمنٹ گرلز مڈل سکول باغ |
| 24425 | گورنمنٹ گرلز پرائمری سکول شیرگڑھ |
| 39255 | گورنمنٹ گرلز ہائی سکول مخرانیؑ |
| 41590 | گورنمنٹ گرلز مڈل سکول گمبت بانڈہ |
| 24399 | گورنمنٹ گرلز پرائمری سکول خرداغ درمیؑ |
| 41316 | گورنمنٹ پرائمری سکول سرکاؤ نوے کلے |
| 41121 | گورنمنٹ گرلز پرائمری سکول دنمیر |
| 24032 | گورنمنٹ پرائمری سکول بانڈہ تنگے |
| 24038 | گورنمنٹ پرائمری سکول بارشمنال |
| 24097 | گورنمنٹ پرائمری سکول گیراریؑ درہ |
| 24110 | گورنمنٹ پرائمری سکول جعفر ڈھیریؑ |
| 24131 | گورنمنٹ پرائمری سکول کڑاکڑ جبہ |
| 24145 | گورنمنٹ پرائمری سکول خوارہ |
| 24184 | گورنمنٹ پرائمری سکول ماروگئی |
| 24290 | گورنمنٹ پرائمری سکول لُغ درہ |
| 24298 | گورنمنٹ پرائمری سکول ڈمبارہ |
| 24322 | گورنمنٹ مسجد پرائمری سکول اناک |
| 24328 | گورنمنٹ مسجد پرائمری سکول سیریؑ بٹارہ |
| 24359 | گورنمنٹ گرلز پرائمری سکول گوکنڈ |
| 24369 | گورنمنٹ گرلز پرائمری سکول بُدل |



| SCHOOL NAME | EMIS کوڈ |
|---|---|
| گورنمنٹ گرلز پرائمری سکول نگریٔ | 24412 |
| گورنمنٹ گرلز پرائمری سکول نرے تنگے | 24414 |
| گورنمنٹ پرائمری سکول چپریٔ | 29655 |
| گورنمنٹ گرلز پرائمری سکول برشمنال | 32516 |
| گورنمنٹ گرلز پرائمری سکول گل بندیٔ | 32530 |
| گورنمنٹ گرلز پرائمری سکول گمبت | 32532 |
| گورنمنٹ گرلز پرائمری سکول خدر خان | 32538 |
| گورنمنٹ گرلز پرائمری سکول مارادو | 32547 |
| گورنمنٹ گرلز پرائمری سکول شادام | 32562 |
| گورنمنٹ گرلز پرائمری سکول تنگورا | 32565 |
| گورنمنٹ گرلز ہائیر سیکنڈری سکول شادام | 36437 |
| گورنمنٹ گرلز پرائمری سکول تنگدرہ تورورسک | 37059 |
| گورنمنٹ پرائمری سکول پارشلے | 37769 |
| گورنمنٹ مسجد پرائمری سکول راج گلیٔ | 38274 |
| گورنمنٹ مسجد پرائمری سکول پڑا غاخے | 38278 |
| گورنمنٹ گرلز مڈل سکول بٹارہ | 38417 |
| گورنمنٹ گرلز پرائمری سکول ٹوپ درہ | 39268 |
| گورنمنٹ گرلز پرائمری سکول گجر آباد | 40531 |
| گورنمنٹ گرلز پرائمری سکول بیرو | 40537 |
| گورنمنٹ گرلز پرائمری سکول خُذداب | 41120 |
| گورنمنٹ گرلز پرائمری سکول املوک | 41122 |
| گورنمنٹ گرلز پرائمری سکول دندار | 41124 |
| گورنمنٹ گرلز پرائمری سکول تریتان | 41125 |
| گورنمنٹ گرلز مڈل سکول نان سر | 41127 |
| گورنمنٹ گرلز مڈل سکول گوکنڈ | 41136 |
| گورنمنٹ مڈل سکول بدیر | 41280 |
| گورنمنٹ مڈل سکول امبر کلے | 41281 |
| گورنمنٹ پرائمری سکول گرادہ | 41302 |
| گورنمنٹ گرلز پرائمری سکول لنگر | 24408 |



| SCHOOL NAME | EMIS کوڈ |
|---|---|
| گورنمنٹ گرلز پرائمری سکول یاسین | 40539 |
| گورنمنٹ پرائمری سکول اٹوگئ | 24275 |
| گورنمنٹ پرائمری سکول بار گجو | 41307 |
| گورنمنٹ پرائمری سکول تنگورو کے کے | 32039 |
| گورنمنٹ پرائمری سکول خونہ پیزہ | 24313 |
| گورنمنٹ پرائمری سکول ڈنڈ امازئ | 32040 |
| گورنمنٹ پرائمری سکول سرو گلو جبو | 38990 |
| گورنمنٹ پرائمری سکول سوالی بانڈہ | 40530 |
| گورنمنٹ پرائمری سکول سورہ بانڈہ | 28854 |
| گورنمنٹ پرائمری سکول شپول | 24242 |
| گورنمنٹ پرائمری سکول شریفے | 29258 |
| گورنمنٹ پرائمری سکول کڑاکڑ جبہ | 24131 |
| گورنمنٹ پرائمری سکول منال ماہابین | 29360 |
| گورنمنٹ پرائمری سکول نخترو گودر | 41306 |
| گورنمنٹ گرلز پرائمری سکول اجلئ | 32513 |
| گورنمنٹ گرلز پرائمری سکول اشوارئ | 41115 |
| گورنمنٹ گرلز پرائمری سکول اشیزو میرہ | 24349 |
| گورنمنٹ گرلز پرائمری سکول اشیزو نوے کلے | 24348 |
| گورنمنٹ گرلز پرائمری سکول املوک | 41122 |
| گورنمنٹ گرلز پرائمری سکول ایگن | 40538 |
| گورنمنٹ گرلز پرائمری سکول ایوان گڑھئ | 41119 |
| گورنمنٹ گرلز پرائمری سکول بارتیراج | 24356 |
| گورنمنٹ گرلز پرائمری سکول بٹائئ امازئ | 24362 |
| گورنمنٹ گرلز پرائمری سکول بڈھیر | 24350 |
| گورنمنٹ پرائمری سکول یاگان کنگلئ | 41310 |
| گورنمنٹ پرائمری سکول چوان | 41311 |
| گورنمنٹ پرائمری سکول جوبرہ | 41313 |
| گورنمنٹ پرائمری سکول جوارئ | 41314 |

| SCHOOL NAME | EMIS کوڈ |
|---|---|
| گورنمنٹ گرلز پرائمری سکول بیرو | 40537 |
| گورنمنٹ گرلز پرائمری سکول تاسہ غازی کوٹ | 41116 |
| گورنمنٹ گرلز پرائمری سکول ترینان | 41125 |
| گورنمنٹ گرلز پرائمری سکول توھ امازئ | 40534 |
| گورنمنٹ گرلز پرائمری سکول تیگارے | 40536 |
| گورنمنٹ گرلز پرائمری سکول چڑئ | 24372 |
| گورنمنٹ گرلز پرائمری سکول خوڑ میرہ | 40532 |
| گورنمنٹ گرلز پرائمری سکول خویاکے | 32540 |
| گورنمنٹ گرلز پرائمری سکول ریاض آباد | 24327 |
| گورنمنٹ گرلز پرائمری سکول سرو گلو جبو | 41118 |
| گورنمنٹ گرلز پرائمری سکول سواوئ | 32561 |
| گورنمنٹ گرلز پرائمری سکول شنگرہ | 24423 |
| گورنمنٹ گرلز پرائمری سکول کارا | 39272 |
| گورنمنٹ گرلز پرائمری سکول کیلا کنگالی | 40540 |
| گورنمنٹ گرلز پرائمری سکول گمبت | 32532 |
| گورنمنٹ گرلز پرائمری سکول گیرپے | 41126 |
| گورنمنٹ گرلز پرائمری سکول مراڈو | 32547 |
| گورنمنٹ گرلز پرائمری سکول میاگانو میرہ | 32550 |
| گورنمنٹ گرلز پرائمری سکول میخو خپہ | 32549 |
| گورنمنٹ گرلز مڈل سکول گرارئ | 41141 |
| گورنمنٹ گرلز مڈل سکول مراڈو | 41588 |
| گورنمنٹ مڈل سکول بخت میرہ | 41278 |
| گورنمنٹ مڈل سکول برکالے | 41281 |
| گورنمنٹ مڈل سکول بیم پور | 41574 |
| گورنمنٹ مڈل سکول ترینان | 41293 |
| گورنمنٹ مڈل سکول شیر علی | 38415 |
| گورنمنٹ مڈل سکول کرورئ | 41287 |
| گورنمنٹ مسجد پرائمری سکول اناک | 24322 |
| گورنمنٹ مسجد پرائمری سکول پڑہ غاخے | 38278 |
| گورنمنٹ مسجد پرائمری سکول راج گلئ | 38274 |
| گورنمنٹ مسجد پرائمری سکول سیرئ بٹاکرہ | 24328 |
| گورنمنٹ پرائمری سکول انزرگئ | 39262 |
| گورنمنٹ پرائمری سکول حکیمہ | 39263 |
| گورنمنٹ مڈل سکول پنگلئ | 39275 |
| گورنمنٹ مڈل سکول سال ذرہ | 41291 |
| گورنمنٹ پرائمری سکول مرزہ سر | 41300 |
| گورنمنٹ پرائمری سکول چپری ملاکال | 41304 |



| EMIS کوڈ | SCHOOL NAME |
|---|---|
| 24005 | گورنمنٹ پرائمری سکول شاہی |
| 24024 | گورنمنٹ پرائمری سکول بگاریہ |
| 24153 | گورنمنٹ پرائمری سکول کوٹ سیری چغرزئ |
| 24171 | گورنمنٹ پرائمری سکول مراگئ |
| 24183 | گورنمنٹ پرائمری سکول مرادو |
| 24198 | گورنمنٹ پرائمری سکول نارنج کے کے |
| 24215 | گورنمنٹ پرائمری سکول رحیم پاتے |
| 24260 | گورنمنٹ پرائمری سکول توت سر نمبر 1 |
| 24272 | گورنمنٹ مسجد پرائمری سکول الو |
| 24277 | گورنمنٹ مسجد پرائمری سکول بابا فیضہ |
| 24283 | گورنمنٹ پرائمری سکول بامئ |
| 24296 | گورنمنٹ مسجد پرائمری سکول چوربانڈہ |
| 24297 | گورنمنٹ پرائمری سکول دلائی |
| 24316 | گورنمنٹ پرائمری سکول کٹو بیسٹ |
| 24326 | گورنمنٹ پرائمری سکول قدرو سر |
| 24334 | گورنمنٹ مسجد پرائمری سکول شوگہ |
| 24336 | گورنمنٹ مسجد پرائمری سکول تلفائی |
| 24337 | گورنمنٹ مسجد پرائمری سکول تماکو پیضہ |
| 24338 | گورنمنٹ پرائمری سکول تنگی درہ |
| 24339 | گورنمنٹ پرائمری سکول تنگور چغرزئ |
| 24353 | گورنمنٹ گرلز پرائمری سکول بغارہ |
| 24380 | گورنمنٹ گرلز پرائمری سکول گنشال |
| 24382 | گورنمنٹ گرلز پرائمری سکول گیرو |
| 28810 | گورنمنٹ پرائمری سکول گنداگئ |
| 28813 | گورنمنٹ پرائمری سکول راج کند |
| 29368 | گورنمنٹ پرائمری سکول مٹ امازئ |
| 29394 | گورنمنٹ پرائمری سکول ریگہ نمبر3 |
| 29586 | گورنمنٹ پرائمری سکول اجلم جان مہمند کلے |
| 37047 | گورنمنٹ پرائمری سکول خورشید آباد امازئ |
| 37767 | گورنمنٹ پرائمری سکول شاخو خاص |
| 38989 | گورنمنٹ پرائمری سکول بندو تنگے |
| 41301 | گورنمنٹ پرائمری سکول خان پور |



| SCHOOL NAME | EMIS کوڈ |
|---|---|
| گورنمنٹ پرائمری سکول بانگیرئ | 24033 |
| گورنمنٹ پرائمری سکول غر درہ | 24094 |
| گورنمنٹ پرائمری سکول گل بندئ | 24100 |
| گورنمنٹ پرائمری سکول گمبت | 24101 |
| گورنمنٹ پرائمری سکول کس چغرزئ | 24134 |
| گورنمنٹ پرائمری سکول لیلہ | 24168 |
| گورنمنٹ پرائمری سکول پنڈھیر | 24206 |
| گورنمنٹ پرائمری سکول رحیم آباد ایلئ | 24214 |
| گورنمنٹ پرائمری سکول شوپرنگ نمبر 1 | 24241 |
| گورنمنٹ پرائمری سکول تنگورہ | 24253 |
| گورنمنٹ مسجد پرائمری سکول ارونے | 24273 |
| گورنمنٹ پرائمری سکول اٹوگئ | 24275 |
| گورنمنٹ پرائمری سکول بامے | 24283 |
| گورنمنٹ پرائمری سکول بارتیراج | 24284 |
| گورنمنٹ مسجد پرائمری سکول ڈگر قلہ | 24286 |
| گورنمنٹ مسجد پرائمری سکول خونہ پیزہ | 24313 |
| گورنمنٹ پرائمری سکول کٹو بیسٹ | 24316 |
| گورنمنٹ مسجد پرائمری سکول ناوگئ گیرارئ | 24321 |
| گورنمنٹ مسجد پرائمری سکول اناک | 24322 |
| گورنمنٹ مسجد پرائمری سکول ریاض آباد | 24327 |
| گورنمنٹ مسجد پرائمری سکول سیرئ بٹاکرہ | 24328 |
| گورنمنٹ مسجد پرائمری سکول شگہ | 24334 |
| گورنمنٹ مسجد پرائمری سکول تلپانی | 24336 |
| گورنمنٹ ہائی سکول گل بندئ | 33949 |
| گورنمنٹ ہائیر سیکنڈری سکول بامپوخہ | 35903 |
| گورنمنٹ ہائی سکول ٹنگورہ | 35933 |
| گورنمنٹ پرائمری سکول تورہ پٹے چغرزئ | 37048 |
| گورنمنٹ ہائی سکول بازار کوٹ | 37217 |
| گورنمنٹ مسجد پرائمری سکول راج گلئ | 38274 |
| گورنمنٹ مسجد پرائمری سکول پڑہ غاخے | 38278 |
| گورنمنٹ پرائمری سکول سروگلو جبو | 38990 |
| گورنمنٹ مڈل سکول اوانے | 40519 |
| گورنمنٹ گرلز پرائمری سکول سروگلو جبو | 41118 |
| گورنمنٹ گرلز پرائمری سکول املوک | 41122 |
| گورنمنٹ گرلز پرائمری سکول ترینان | 41125 |
| گورنمنٹ پرائمری سکول غنڈ نمبر 2 | 41309 |
| گورنمنٹ مڈل سکول کس چغرزئ | 41379 |
| گورنمنٹ مڈل سکول خائستہ بابا | 41679 |



| SCHOOL NAME | EMIS کوڈ |
|---|---|
| گورنمنٹ پرائمری سکول پیشوئی | 24050 |
| گورنمنٹ مسجد پرائمری سکول الوو | 24272 |
| گورنمنٹ مسجد پرائمری سکول اورونے | 24273 |
| گورنمنٹ مسجد پرائمری سکول بابا فیظہ | 24277 |
| گورنمنٹ مسجد پرائمری سکول خونہ پیزہ | 24313 |
| گورنمنٹ مسجد پرائمری سکول اناک | 24322 |
| گورنمنٹ مسجد پرائمری سکول ریاض آباد | 24327 |
| گورنمنٹ مسجد پرائمری سکول سیرئ بٹارہ | 24328 |
| گورنمنٹ مسجد پرائمری سکول شگہ | 24334 |
| گورنمنٹ مسجد پرائمری سکول تلفانی | 24336 |
| گورنمنٹ مسجد پرائمری سکول تماکو پیزہ | 24337 |
| گورنمنٹ مسجد پرائمری سکول اُگدہ خپہ | 29653 |
| گورنمنٹ مسجد پرائمری سکول راج گلئ | 38274 |
| گورنمنٹ مسجد پرائمری سکول پڑہ غاخے | 38278 |
| گورنمنٹ گرلز پرائمری سکول املوک | 41122 |
| گورنمنٹ گرلز پرائمری سکول تریتان | 41125 |
| گورنمنٹ مڈل سکول خائستہ بابا | 41679 |



Institute of Social and Policy Sciences (I-SAPS)
*Informing Policies, Reforming Practices*

انسٹی ٹیوٹ آف سوشل اینڈ پالیسی سائنسز (I-SAPS) ایک قومی اور پالیسی سازی میں معاونت کرنے والا ادارہ ہے جو سماجی، معاشی و قانونی موضوعات پر تحقیق میں سرگرم عمل ہے۔ شعبۂ تعلیم I-SAPS کا ایک اہم تحقیقی موضوع ہے۔ I-SAPS نے پاکستان میں وفاقی اور صوبائی سطح پر شعبۂ تعلیم کی مختلف جہتوں پر تحقیق کی ہے جن میں تعلیم کیلئے مختص کیے جانے والے بجٹ اور اس کا استعمال، تعلیم کیلئے کی جانے والی قانون سازی، نجی تعلیمی شعبہ کا انتظام و انصرام وغیرہ شامل ہیں۔

ضلع فیصل آباد میں تعلیمی صورتحال میں بہتری لانے کی خاطر انسٹی ٹیوٹ آف سوشل اینڈ پالیسی سائنسز (I-SAPS) علم آئیڈیاز (Ilm Ideas) کے ساتھ مل کر کام کر رہا ہے۔

یہ معلوماتی کتابچہ I-SAPS نے علم آئیڈیاز کی معاونت سے تیار کیا ہے۔ علم آئیڈیاز کا اس کتابچے کے مندرجات سے متفق ہونا ضروری نہیں ہے۔

مزید معلومات کیلئے

www.i-saps.org info@i-saps.org 051-111-739-739

@I_SAPS facebook.com/I-SAPS